الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name :> **QAMAR AHMED**
Address :> **Mumbai - India**
Subject :> **JAIZ-NAJAIZ**
Writer :> حامد عمر دراز

Serial No :> **10362**
Fatwa No :>
Date :> **12/2/2010**
Email :>

AS-SALAAM-O-ALAIKUM. KYA FERMATEY HAI ULMA EKRAM KI EK AADMI JO ROZA NAMAZ KA PABAND HO LAKIN CLEAN SHAVE HO NA DADHI NA MOUSH KUCH BHI NAHI HO AISE AADMI KO FAJIR AUR FASIK KEHNA JAIZ HAI? AUR US KI DIGER IBAADAD KI KYA SHARAEE HASIYAT HAI. WA-SALAAM

کیا فرماتے ہیں علماءِ کرام، کہ ایک آدمی جو روزہ، نماز کا پابند ہو لیکن کلین شیو ہو، نہ داڑھی، نہ مونچھ، کچھ بھی نہیں ہو ایسے آدمی کو فاجر اور فاسق کہنا جائز ہے؟ اور اسکی دیگر عبادات کی کیا شرعی حیثیت ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً

اگرچہ ایسا آدمی بھی دیگر عبادات بجالانے پر اجر و ثواب کا مستحق ہے اور اسے متعلقہ عبادت کیلئے ضروری آداب بجالاکر پورا کرنے اور اس کے خلوص کی بناء پر اسے ثواب بھی ہوگا۔ اور اس عمل کی ذمہ داری سے اسے سبکدوشی بھی حاصل ہوجائے گی، مگر دیگر واجباتِ شرعیہ میں کوتاہی کرنے اور خاص کر ڈاڑھی کے معاملہ میں اپنے مذکور طرزِ عمل کی وجہ سے وہ شرعاً فاسق ہے مگر اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ اسے فاسق و فاجر کہہ کر پکارا جائے بلکہ حکمت و بصیرت کیساتھ اسے سمجھانے کی اشد ضرورت ہے۔

کما فی المشکوٰۃ: وعن ابن عمر قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ المتشبھین من الرجال بالنساء والمتشبھات من النساء بالرجال رواہ البخاری، (ص ۳۸۰) ۔

وفیہ ایضاً: وعن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خالفوا المشرکین، أوفروا اللحیٰ و أحفوا الشوارب، وفی روایۃ أنھکوا الشوارب وأعفوا اللحیٰ، متفق علیہ (ص ۳۸۰) ۔

وفی الھندیۃ: لو قال لیھودی أو مجوسی یا کافر یأثم إن شق علیہ، کذا فی القنیۃ (ج ۵ ص ۳۴۸) ۔

وفی الدر المختار: وأخذ أطراف اللحیۃ و السنۃ فیھا القبضۃ (إلی قولہ) ولذا یحرم علی الرجل

(جاری ہے)

قطع لحيته الخ - (ج ٦ ص ٤٠٧) - والله أعلم بالصواب،

محمد حامد محمود عفا الله عنه،

دار الافتاء جامعة بنورية كراچي ع٢٤

١٩ ربيع الأول ١٤٣٢ھ -

الجواب صحیح

بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

٢٠ / ٣ / ١٤٣٢ھ

الجواب صحیح

بندہ سیف اللہ ...

دار الافتاء جامعہ بنوریہ

٢٥ ربیع الاول ١٤٣٢ھ

الجواب صحیح

عبد اللہ ...

دار الافتاء جامعہ بنوریہ

٢٦ ربیع الاول ١٤٣٢ھ

رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ

دار الافتاء

١٠٣٦٢

٢٦/٣/١٤٣٢ھ

10/3/11